موضوع: بینر بنانے کا بنیادی طریقہ (فوٹوشاپ کی مدد سے)

View Single Post

12 گھنٹے پہلے

#1

بینر بنانے کا بنیادی طریقہ (فوٹوشاپ کی مدد سے)

بینر بنانے کا بنیادی طریقہ (فوٹوشاپ کی مدد سے)

تصاویر کی مدد سے

اپنی مناسبت سے کوئی background پسند کریں۔

اس کی مدد سے آپ تصویر سے اپنی پسند کا وہ حصہ منتخب کریں جسے آپ بعد میں بینر کے background کے طور پر استعمال کریں گے۔

Crop کی مدد سے منتخب کردہ حصے کو باقی تصویر سے علیحدہ کریں۔

بینر کے لئے ہمیں background مل گیا ہے

تصویر کو 100٪ دیکھنے کے لئے

background میں مزید تبدیلیاں کرنے کے لئے آپ ان filters کا استعمال کر سکتے ہیں۔

اب ہمیں وہ اردو ٹیکسٹ چاہیئے جو ہم بینر میں استعمال کریں گے۔
فوٹوشاپ میں pdf اور eps دونوں فارمیٹ کی فائلیں کھولی جا سکتی ہیں۔
Eps فورمیٹ ہمیں ان پیج کی فائل export کروانے سے حاصل ہوجاتا ہے، جبکہ pdf ہم ان پیج اور word دونوں کی بنا سکتے ہیں۔

وہ فائل جس میں استعمال ہونے والا text ہے۔

باقی text سے علیحدہ ہونے والا text

اسی طرح ہم باقی ٹیکسٹ بھی بینر والی فائل میں کاپی کر لیں گے۔
اب واپس بینر والی فائل میں چلتے ہیں

تینوں ٹیکسٹ یہاں کاپی ہو گئے ہیں

text کا size ادھر سے تبدیل کریں

اس نے اسی طرح کا ایک اور فریم بنا دیا۔

اب ہمارے پاس دو frames آ گئے ہیں۔
کوئی بھی animation یا movie، تصویر یعنی فریمز کو جوڑ کر بنتی ہے۔
جب انہی تصاویر یعنی فریمز کو اکٹھا چلایا جاتا ہے، تو تصویر میں موجود چیز حرکت کرتی نظر آتی ہے۔ اسی کو animation کہتے ہیں۔

اب پہلے فریم میں ٹیکسٹ کے ساتھ کچھ تبدیلیاں کرتے ہیں۔
جیسے کہ یہاں پر ہم ٹیکسٹ کو غائب سے نظر آنے والی حالت میں لائیں گے۔
تو پہلے فریم میں ہم اسے غائب کر دیتے ہیں اور دوسرے میں اسے ظاہر۔

اس فریم میں اسے ظاہر کرتے ہیں اور اس کی جگہ بھی تبدیل کرتے ہیں
یوں ٹیکسٹ اپنی جگہ بھی تبدیل کرے گا اور اپنی visibility بھی

یوں ہمارے اُن دو فریمز کے درمیان خود بخود وہ معاون فریمز آ گئے ہیں جن کی مدد سے ٹیکسٹ ایک حالت سے دوسری حالت میں جاتا نظر آتا ہے۔
(آپ ہر ایک فریم کو کلک کر کے دیکھ سکتے ہیں کہ tween کرنے سے ٹیکسٹ کیسے بدل رہا ہے)

نتیجہ:

اب ہم اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے اس text کی animation کو مکمل کرتے ہیں۔

اب اسے مزید آگے دھکیلیں

اب دونوں فریمز کے درمیان تبدیلیوں کو animation کا روپ دیں۔

یہاں سے ہم کسی بھی فریم کا وقت طے کر سکتے ہیں کہ وہ فریم کتنی دیر تک نظر آنا چاہیئے۔
فریم اتنے وقت کیلئے رُکا رہے گا اور پھر animation آگے چلے گی اور اگلے فریم آتے جائیں گے۔

نتیجہ:

جس فریم میں جو چیز دکھائی ہوتی ہے اسے اس آنکھ کے نشان سے ظاہر کر دیا جاتا ہے جس طرح اس فریم میں یہ تصویر دکھانے کے لئے اسے ظاہر اور باقی کو غائب کر دیا ہے۔

آپ کے سامنے یہ ونڈو کھلے گی۔ یہاں پر سیٹنگ میں تبدیلیاں کرتے ہیں
اور ساتھ یہ بھی دیکھتے ہیں کہ اس سے تصویر میں کیا فرق پڑ رہا ہے۔

دو فریمز کے درمیان فرق:

(ان فریمز کی تبدیلی میں روانی اور تسلسل برقرار رکھنے کیلئے tween کا استعمال کریں گے جیسا کہ پہلے بھی کیا)

نتیجہ:

اسی طرح اگر animation بناتے ہوئے ہمیں کسی تصویر یا ٹیکسٹ وغیرہ پر
کوئی ایسی سیٹنگ کرنی پڑ جائے جو ہم پہلے بھی کسی فریم میں استعمال کر آئیں ہیں،
تو اُسے اپنے موجودہ یا کسی اور فریم میں بھی دوبارہ محض کاپی پیسٹ کرنے سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اُس کا طریقہ یہ ہے:

animation مکمل ہونے کے بعد اس کو save کرنے کا طریقہ: